SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
December 17, 2019

فنانشل لیٹریسی کے فروغ کے لئے ایس ای سی پی اور یونیورسٹیوں میں مفاہمتی یاداشتوں پر دستخط

اسلام آباد (دسمبر 17) نوجوانوں میں فنانشل لیٹریسی، بچتوں اور سرمایہ کاری کی اہمیت اور مالی نظم کے حوالے سے شعور پیدا کرنے کے لئے سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان اور ملک کی پانچ بڑی یونیورسٹیوں کے مابین مفاہمتی یاداشتوں پر دستخط کئے گئے۔ ایس ای سی پی کے کمشنر برائے انوسٹر ایجویشن اور کمپنی لاڈویژن، شوکت حسین نے یاداشتوں پر دستخط کئے جبکہ یونیورسٹیوں کی نمائندگی ان کے متعلقہ وائس چانسلروں اور رجسٹرارنے کی۔

ہائرایجوکیشن کمیشن کی منظور شدہ ان یونیورسٹیوں میں یونیورسٹی آف بلوچستان، مہران یونیورسٹی آف انجنیئر نگ اینڈ ٹیکنالوجی جامشورہ، یونیورسٹی آف واہ، فورمین کرسیچین یونیورسٹی لاہور اور یونیورسٹی آف مالاکنڈ شامل ہیں۔ ملک میں فنانشل لیٹریسی کے فروغ کے لئے اب تک ایس ای سی پی ملک کی اکاون یونیورسٹیوں کے ساتھ مفاہمتی یادشتوں پر دستخط کر چکی ہے۔ اس پروا گرام کے تحت ایس ای سی پی کی جانب سے ان یونیورسٹیوں میں سیمنار منعقد کئے جائیں گے اور طلبہ کو ملک میں موجودہ سرمایہ کاری کے مواقع، مالیاتی خاندگی، مالیاتی منصوبہ بندی اور بچتوں کی اہمیت سے آگاہ کیا جائے گا۔

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوتے ایس ای سی پی کے کمشنر، شوکت حسین نے ریگولیٹری ایجنسیوں اور تعلیمی اداروں کے مابین باہمی تعاون کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہمیں اپنی نوجوان نسل کو مالی طور پر باشعور اور خواندی بنانے کے لئے مل کر کوششیں کرنا ہیں۔ انہوں نے کاروابری آسانیوں کے حوالے سے عالمی بینک کی حالیہ رپورٹ کا تذکرہ کرتے ہوئے بتایا کہ پاکستان میں نئی کمپنی کی رجسٹریشن کے طریقہ کار کو نہایت سہل اور کم لاگت بنادیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈ بینک کی حالیہ رپورٹ میں پاکستان کی رینکنگ میں 28 درجے بہتری آئی ہے۔ شوکت حسین نے شرکا کو ایس ای سی پی کے خصوصی اسٹارٹ اپ پورٹل اور مختلف قومی انکیوبیشن مراکز کے ساتھ جاری تعاون کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ایس ای سی پی ہائرایجوکیشن کمیشن کی یونیورسٹیوں کے تعلیمی نصاب کی نظرثانی کے لئے قائم کمیٹی کا بھی رکن ہے اور اس حوالے سے کمیٹی پر بھرپور معاونت کر رہا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005